2025-07-03
Hrs 08.30

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ
آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر الدین رضوی
پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

-1 وزیر اعظم نریندر مودی نے Accra میں گھانا کے صدر John Dramani Mahama کے ساتھ بات چیت کی۔ دونوں ممالک نے چار سمجھوتوں پر دستخط کیے۔

-2 وزیر اعظم نریندر مودی کو اُن کی سرکردہ قیادت اور باثر عالمی لیڈرشپ کے لیے گھانا کے اعلیٰ ترین سرکاری اعزاز سے نوازا گیا ہے۔

-3 پارلیمنٹ کا مانسون اجلاس 21 جولائی سے 21 اگست تک چلے گا۔

-4 جموں و کشمیر میں سخت سیکورٹی کے درمیان سالانہ امرناتھ یاترا پہلگام اور بالتل دونوں راستوں سے شروع ہوگئی ہے۔

-5 اور فٹ بال میں:

خواتین کے ایشیا کپ کوالیفائرس میں بھارت نے عراق کو پانچ صفر سے شکست دی۔ اس طرح بھارت ایشیا کپ کوالیفائی کرنے سے محض ایک قدم دور ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Visit Ghana

وزیر اعظم نریندر مودی نے گھانا کی راجدھانی Accra کے جوبلی ہاؤس میں کل رات گھانا کے صدر John Mahama سے دوطرفہ ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات کو مستحکم بنانے اور وسعت دینے کے مختلف طریقوں پر تبادلۂ خیال کیا۔ بات چیت کے بعد 4 مفاہمت ناموں پر دستخط کیے گئے، جن میں ثقافتی تبادلے اور روایتی موسیقی کے شعبے شامل ہیں۔ ملاقات کے بعد مشترکہ بیان میں وزیر اعظم مودی نے اعلان کیا کہ دونوں رہنماؤں نے بھارت-گھانا تعلقات کو جامع شراکت داری میں بدلنے کا فیصلہ کیا ہے۔

S/B - PM

اس دوران وزیر اعظم نریندر مودی کو اُن کی سرکردہ قیادت اور بااثر عالمی لیڈر شپ کے اعتراف میں گھانا کے اعلیٰ ترین سرکاری اعزاز سے نوازا گیا۔

اس سے پہلے وزیر اعظم نریندر مودی، گھانا کے اپنے سرکاری دورے پر کل Accra پہنچے۔ ہوائی اڈّے پر وزیر اعظم کا گھانا کے صدر Mahama کی جانب سے رسمی استقبال کیا گیا اور 21 توپوں کی سلامی کے ساتھ گارڈ آف آنر دیا گیا۔

پیش ہے وزیر اعظم کے دورے پر اُن کے ساتھ گئے ہمارے خصوصی نمائندے کی ایک رپورٹ

V/C - Alok

بھارت اور گھانا نے تجارت، سرمایہ کاری، زراعت، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، صلاحیت سازی، بنیادی ڈھانچے اور عوام سے عوام کے درمیان رابطوں پر تبادلۂ خیال کیا۔ فریقین نے دوطرفہ تجارت میں اضافے اور گھانا میں بھارتی سرمایہ کاری کا خیر مقدم کیا اور دفاع اور سلامتی تعاون پر بات چیت کی۔ دونوں فریق بھارت کی معاونت والے بنیادی ڈھانچے اور صلاحیت سازی کے پروجیکٹوں کے ذریعے ترقیاتی ساجھے داری کو وسعت دینے پر بھی عہد بستہ ہوئے ہیں، جس کے تحت صحت، دوا سازی، UPI اور ہُنر مندی کے فروغ میں مہارت کی پیشکش شامل ہے۔ دونوں رہنماؤں نے اقوام متحدہ اصلاحات پر بھی تبادلۂ خیال کیا اور مضبوط انسدادِ دہشت گردی عالمی اشتراک پر بھی رضامند ہوئے۔

بات چیت کے بعد ثقافت، معیارات، آیورویدا اور روایتی ادویات پر 4 مفاہمت ناموں پر دستخط کیے گئے اور مشترکہ کمیشن میکانزم کا تبادلہ کیا گیا۔
اس کے بعد صدر Mahama کی جانب سے دی گئی سرکاری ضیافت کے دوران وزیر اعظم نریندر مودی کو گھانا کے قومی اعزاز،
"آفیسر آف دی آرڈر آف دی اسٹار آف گھانا"
سے نوازا گیا۔ گھانا کے صدر John Mahama نے وزیر اعظم مودی کو اُن کی سرکردہ قیادت اور بااثر عالمی لیڈرشپ کے اعتراف میں یہ اعزاز پیش کیا۔×

Rev. Trindad and Tobago HCI Interview
Trinidad And Tobago میں بھارت کے ہائی کمشنر ڈاکٹر پردیپ راج پروہت نے آکاشوانی کو خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے وزیر اعظم مودی کے دورے کے مختلف پہلوؤں پر بات کی۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک اپنے تعلقات کے 180 سال منا رہے ہیں اور وزیر اعظم کا یہ دورہ بھارتی برادری کے لیے یادگار موقع ہے۔ بھارتی برادری نے اپنے ملک سے ہزاروں میل دور رہ کر بھی اپنی ثقافت اور روایات کو برقرار رکھا ہے، جس کا وہ جشن مناتے ہیں۔
S/B - New Raj Prouhit
Rijiju Parliament Session
پارلیمنٹ کا مانسون اجلاس 21 جولائی کو شروع ہوگا اور 21 اگست تک جاری رہے گا۔
پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے بتایا ہے کہ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے 21 جولائی سے 21 اگست 2025 تک پارلیمنٹ کا مانسون اجلاس بلانے کی حکومت کی تجویز کو منظوری دے دی ہے۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب رجیجو نے کہا ہے کہ یومِ آزادی کی تقریبات کے تناظر میں 13 اور 14 اگست کو مانسون اجلاس کی نشستیں نہیں ہونگی۔

Amarnath Yatra

38 روزہ طویل سالانہ شری امرناتھ جی یاترا سخت سکیورٹی کے دوران جنوبی کشمیر کے اننت ناگ ضلعے میں پہلگام اور وسطی کشمیر کے گاندربل ضلعے میں بالتل، دونوں ہی راستوں آج باضابطہ شروع ہوگئی ہے۔ انتظامیہ نے یاتریوں کو صبح سویرے پوِتر گپھا کی سمت جانے کی اجازت دی۔
یہ پوِتر گپھا کشمیر کے ہمالیائی خطے میں 12 ہزار 756 فٹ کی بلندی پر واقع ہے۔
لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کَل جموں کے بھگوتی نگر Base کیمپ سے پوِتر گپھا کی طرف جانے کے لیے یاتریوں کے پہلے جتھے کو روانہ کیا۔

IMD Weather
بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے اروناچل پردیش، مشرقی مدھیہ پردیش، مشرقی راجستھان، گجرات، ہماچل پردیش، کونکن، گوا، مدھیہ مہاراشٹر، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تری پورہ میں آج دور دور تک شدید سے بہت شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات سے متعلق ایجنسی نے ملک کے مشرقی، وسطی، شمال مغربی اور شمال مشرقی حصوں میں اگلے چھ روز کے دوران گرج چمک اور بجلی کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔
کیرالہ، ماہے، لکشدیپ، کرناٹک اور تلنگانہ میں بھی اسی طرح کے موسم کے حالات رہنے کا امکان ہے۔
دلی میں آج گرج چمک اور بجلی کے ساتھ ہلکی بارش ہونے کی پیشگوئی کی گئی ہے-x

HP Weather

ہماچل پردیش میں مانسون کی موسلہ دھار بارش، مٹی کے تودے کھسکنے اور بادل پھٹنے کے واقعات سے کافی جانی اور مالی نقصان ہوا ہے۔ پچھلے مہینے کی 20 تاریخ سے 62 افراد ہلاک ہو چکے ہیں اور 56 اب بھی لاپتہ ہیں۔

موسمیات کے محکمے نے ریاست کے مختلف مقامات پر آٹھ جولائی تک شدید سے بہت شدید بارش کے امکان کے ساتھ موسم کے خراب حالات جاری رہنے کے تعلق سے ایک وارننگ جاری کی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

V/C Ritesh Kapoor

ہماچل پردیش کے ان علاقوں میں حالات کو قابو کرنے کی کوشش جاری ہے جو مانسون کی زبردست بارش سے متاثر ہوئے ہیں۔ ریاستی حکومت نے ضلع انتظامیہ سے متاثرین کی ہرطرح سے مدد فراہم کرنے کے لئے کہا ہے۔ وزیر اعلیٰ سکھویندر سنگھ سکھو نے کل منڈی ضلع کے دھرم پور تھوناگ اور Janjehli علاقوں کا دورہ کیا جہاں انھوں نے سیلاب کے متاثرین سے ملاقات کی اور انھیں ہرطرح کے امداد کا یقین دلایا۔ وزیر اعلیٰ نے یہ بھی اعلان کیا کہ ریاستی حکومت متاثرہ لوگوں کے لئے خصوصی پیکج بھی مہیا کرے گی۔

شملہ سے رتیش کپور کی رپورٹ کے ساتھ خبر نامہ کے لئے ----

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

OM Birla Conference

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا آج ہریانہ کے مانیسر میں ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے شہری، بلدیاتی اداروں کے سربراہوں کی پہلی قومی سطح کی کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ دو روزہ کانفرنس کا موضوع ہے: آئینی جمہوریت اور قومی تعمیر کو مضبوط بنانے میں "شہری بلدیاتی اداروں کا رول"۔

اس کانفرنس کا مقصد ایک اہم پلیٹ فارم کے طور پر کام کرنا ہے تاکہ ملک کی تیزی سے ہو رہی شہر کاری میں شہری بلدیاتی اداروں کے اہم رول کو اجاگر کیا جا سکے۔

اِس کا مقصد بالخصوص موجودہ دور میں جمہوری اداروں کو مضبوط بنانا، بہترین طریقہٴ کار کا تبادلہ کرنا اور شہری حکمرانی کے لیے جدید طریقوں کو تلاش کرنا، نیز اجاگر کرنا ہے۔

تقریب میں شریک مندوبین اہم امور پر غوروخوض کریں گے جن میں بلدیاتی حکمرانی کو آئینی تقاضوں کی تکمیل میں مؤثر بنانا، عوامی خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانا اور شہریوں کی زندگی کے معیار کو بلند کرنا شامل ہے۔x

MEA Mali

وزارتِ خارجہ نے مالی کے Kayes میں، ڈائمنڈ سیمنٹ فیکٹری میں تعینات تین بھارتی شہریوں کے اغوا پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ یہ واقعہ ایک جولائی کو اُس وقت پیش آیا، جب 4 مسلح حملہ آوروں نے فیکٹری پر حملہ کیا اور بھارتی شہریوں کو زبردستی اغوا کر لیا۔ اپنے بیان میں وزارتِ خارجہ نے کہا کہ مغربی افریقی ملک مالی کے مغربی اور وسطی علاقوں کے کئی مقامات پر دہشت گردوں نے فوجی اور حکومتی تنصیبات پر حملہ کیا ہے۔

بھارت نے تشدد کی اِن کارروائیوں کی لگاتار مذمت کی ہے اور مالی کی حکومت سے اغوا کیے گئے بھارتی شہریوں کی محفوظ رِہائی کے لیے ضروری اقدامات کرنے کو کہا ہے۔ وزارتِ خارجہ

نے زور دیا کہ غیر ممالک میں بھارتی شہریوں کی حفاظت، سلامتی اور بہبود حکومت کی اوّلین ترجیح ہے۔
اس دوران مالی میں رہائش پذیر سبھی بھارتی شہریوں کو بیحد محتاط اور چوکنّا رہنے اور Bamako میں واقع بھارت سفارتخانے سے قریبی رابطے میں رہنے کی صلاح دی گئی ہے۔×

Vaishnaw Conference

اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو آج نئی دلی میں براڈ کاسٹ اینڈ میڈیا ٹیکنالوجی پر 29 ویں بین الاقوامی کانفرنس اور نمائش BES EXPO 2025 کا افتتاح کریں گے۔ اِس سال کی کانفرنس کا موضوع ہے: "مصنوعی ذہانت کے ذریعے میڈیا کے منظر نامے کو یکسر تبدیل کرنا، تعاون کرنا اور اس سے آمدنی حاصل کرنا۔"
تین روزہ کانفرنس کے دوران ملک و بیرونِ ملک سے ممتاز نشریاتی ماہرین، میڈیا صنعت کے پیشہ ور افراد اور مقررین جدید نشریاتی موضوعات پر لیکچرس دیں گے اور تبادلہ خیال کریں گے۔
اِس نمائش میں دنیا بھر سے نشریاتی آلات بنانے والے، نشریاتی پیشہ ور افراد اور خدمات فراہم کرنے والے اپنی جدید ترین مصنوعات، جدید ترین ٹیکنالوجیز اور خدمات کی نمائش کریں گے۔

Jaishankar Pak

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ پاکستان، امریکہ کے ساتھ بھارت کے تعلقات پر اثرانداز نہیں ہو سکتا۔ واشنگٹن میں ایک نیوز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے زور دے کر کہا کہ بھارت-امریکہ تعلقات، باہمی مفادات پر قائم ہیں، کسی تیسرے ملک پر نہیں۔
انہوں نے کہا کہ ہمیں کسی اور کے ذریعے خود کی تشریح نہیں کرنی چاہیے اور بھارت اور امریکہ جیسے بڑے تعلقات، مشترکہ مفادات، تجارت، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی، توانائی اور موبلٹی پر مبنی ہیں۔
ڈاکٹر جے شنکر نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اُس دعوے کو بھی مسترد کر دیا، جس میں صدر ٹرمپ نے دعویٰ کیا تھا کہ آپریشن سِندور کے بعد انہوں نے بھارت اور پاکستان کے درمیان جنگ بندی کرائی تھی۔
جناب جے شنکر نے کہا کہ ریکارڈ بالکل واضح ہے اور جنگ بندی سے متعلق سیدھے مذاکرات دونوں ممالک کے فوجی افسران کے درمیان ہوئے۔
اپنے دورے کے دوران وزیر خارجہ نے امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو اور آسٹریلیا اور جاپان کے وزراء خارجہ کے ہمراہ کواڈ وزراء میٹنگ میں بھی شرکت کی۔ اس دوران پاکستان میں مقیم دہشت گرد گروپ کی جانب سے انجام دیے گئے پہلگام قتلِ عام کی مذمت کی گئی۔ اس بیچ ڈاکٹر جے شنکر نے جناب روبیو، امریکی وزیر دفاع Pete Hegseth اور وزیر توانائی Chris Wright سے الگ الگ ملاقات کی اور تجارت، دفاع اور توانائی اشتراک جیسے اہم شعبوں پر تبادلۂ خیال کیا۔×

Kho-Kho President

بھارتی کھیلوں کے لیے ایک اہم پیشرفت کے طور پر کھوکھو فیڈریشن آف انڈیا (KKFI) نے کامیاب انتخاب کے بعد اپنی نئی منتخب شدہ گورننگ باڈی کا اعلان کیا ہے۔ یہ انتخابات کل دلی میں اس کے ہیڈکوارٹر میں منعقد کیے گئے۔
سدھانشو متّل کو دوبارہ صدر منتخب کیا گیا ہے اور Upkar Singh Virk کو نیا جنرل سکریٹری بنایا گیا ہے۔ گورننگ باڈی میں 8 نائب صدور، 4 جوائنٹ سکریٹریز اور 13 ایگزیکیوٹیو ممبرس شامل ہیں۔ ایتھلیٹ اشونی وِپن پاٹل اور مونیکا ایتھلیٹکس کمیشن کی نمائندگی کریں گے۔x

Football AFC Asian Cup

خواتین کے AFC فٹ بال ایشین کپ 2026 کوالیفائرس میں بھارت نے عراق کے خلاف پانچ-صفر کی زبردست جیت درج کی۔ بھارت نے تھائی لینڈ کے Chiang Mai کے 700th Anniversary اسٹیڈیم میں کل شام اس کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔
اس جیت کے بعد خواتین کی بھارتی ٹیم، ایشیا کپ کوالیفائی کرنے سے محض ایک قدم دور ہے۔
اس جیت کے بعد بھارت، 9 پوائنٹس، ناقابلِ تسخیر ریکارڈ اور 22 سے زیادہ گول کے فرق کے ساتھ گروپ B میں سب سے اوپر پہنچ گیا ہے۔ دوسری جانب عراق، منگولیا اور تیمور لیستے، کوالیفائنگ دوڑ سے باہر ہو گئے ہیں۔ گروپ B کے فائنل میچ میں ہفتے کے روز بھارت کا مقابلہ میزبان تھائی لینڈ سے ہوگا۔×

Cricket Ind Eng 2nd Test

کرکٹ میں، بھارت نے برمنگھم میں Edgbaston کے مقام پر اینڈرسن-تندولکر ٹرافی کے دوسرے ٹیسٹ کے پہلے دن کا کھیل ختم ہونے تک انگلینڈ کے خلاف پانچ وکٹ پر 310 بنائے ہیں۔ کپتان شبھ مین گِل 114 اور رویندر جڈیجہ 41 رن پر کھیل رہے ہیں۔ یشسوی جیسوال نے بھی 87 رن بنائے۔ Chris Woakes نے انگلینڈ کے لیے 2 وکٹ لیے۔
اِس سے قبل انگلینڈ نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ پانچ میچوں کی سیریز کے پہلے ٹیسٹ میں انگلینڈ، بھارت کو Leeds کے Headlingley میں پانچ وکٹ سے ہراکر ایک-صفر سے سبقت حاصل کرچکا ہے۔x

Hockey Sub.Jr.Women Championship

خواتین کی پندرہویں ہاکی انڈیا سَب جونیئر قومی چیمپئن شپ 2025 آج سے جھارکھنڈ کے رانچی میں شروع ہوگی۔ اس کا آغاز رانچی کے Marang Gomke جے پال سنگھ Astroturf ہاکی اسٹیڈیم میں ہوگا۔ یہ ٹورنامنٹ 14 جولائی تک جاری رہے گا، جس میں نیا ڈویژن والا فورمیٹ ہوگا، جو پہلے ہی اس سال کے سینئر قومی زمرے میں نافذ ہے۔ ٹورنامنٹ میں کُل 28 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں، جنہیں تین ڈویژنوں A, B اور C میں تقسیم کیا گیا ہے۔ A ڈویژن میں ملک کی سرکردہ 12 ٹیمیں ہیں، جن میں دفاعی چیمپئن ہاکی جھارکھنڈ اور پچھلے سال کی رنر اَپ ہاکی مدھیہ پردیش شامل ہیں۔ B اور C ڈویژن اُبھرتی ٹیموں کو موقع دے رہے ہیں۔ ٹورنامنٹ کا سیمی فائنل 12 جولائی کو جبکہ فائنل 14 جولائی کو کھیلا جائے گا۔×
خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......اسداللہ
شکریہ - ضمیر
قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔
روزنامہ راشٹریہ سہارا، انقلاب، ملاپ اور ہندوستان ایکسپریس سمیت آج کے سبھی اردو اخباروں نے وزیر اعظم نریندر مودی کے پانچ ملکوں کے دورے کے پہلے مرحلے میں گھانا کی راجدھانی پہنچنے اور آج وہاں کی پارلیمنٹ سے خطاب کیے جانے کی خبر کو صفحۂ اوّل پر شائع کیا ہے۔

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور امریکہ کے وزیر دفاع کے درمیان ملاقات کی خبر کو روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے نمایاں کرتے ہوئے لکھا کہ: اس ملاقات میں دوطرفہ دفاعی شراکت داری اور مختلف شعبوں میں تعاون کو بہتر بنانے پر زور دیا گیا۔

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کے اس بیان کو بھی اردو اخباروں نے نمایاں کیا ہے، جس میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت تیزی سے ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔

اس کے علاوہ آج کے اردو اخباروں نے آج سے امرناتھ یاترا کی شروعات ہونے، گروگرام میں اسپیکر کانفرنس میں جناب اوم برلا کی شرکت کی خبر کو بھی نمایاں کیا ہے۔

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں کچھ اس طرح سے ہیں:

* سعودی عرب نے ایرانی حجاج کے واپسی کا عمل مکمل کیا۔

*امریکہ میں جاسوسی کے الزام میں دو چینی شہری گرفتار۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے Accra میں گھانا کے صدر John Dramani Mahama کے ساتھ بات چیت کی۔ دونوں ممالک نے چار سمجھوتوں پر دستخط کیے۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی کو اُن کی سرکردہ قیادت اور باا‌ثر عالمی لیڈرشپ کے لیے گھانا کے اعلیٰ ترین سرکاری اعزاز سے نوازا گیا ہے۔

3- پارلیمنٹ کا مانسون اجلاس 21 جولائی سے 21 اگست تک چلے گا۔

4- جموں و کشمیر میں سخت سیکورٹی کے درمیان سالانہ امرناتھ یاترا پہلگام اور بالتل دونوں راستوں سے شروع ہوگئی ہے۔

5- اور فٹ بال میں:

خواتین کے ایشیا کپ کوالیفائرس میں بھارت نے عراق کو پانچ صفر سے شکست دی۔ اس طرح بھارت ایشیا کپ کوالیفائی کرنے سے محض ایک قدم دور ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔